## اداریہ

معنویت و روحانیت مختلف ادوار و قرون میں سارے انسانوں کی مشترکہ ضرورت رہی ہے اور آج کے دور میں اس کی ضرورت اور بھی زیادہ محسوس ہو رہی ہے۔ قرآن کریم وہ واحد کتاب ہے جس میں انسانوں کی مختلف معنوی ضرورتوں کو پورا کرنے کی صلاحیت موجود ہے کیونکہ یہ ایک جامع کتاب اور انسانوں کے لئے مکمل نظام حیات ہے جو ہمیشہ باقی رہنے والی اور ابدی ہے۔

دوسرے لفظوں میں یوں کہاجائے کہ قرآن کریم کتاب ہدایت ہے جس کا لازمہ یہ ہے کہ یہ کتاب کسی بھی طرح کی تغییر و تحریف سے مبرا ہو اور یہی عدم تحریف، قرآن کریم کو دوسری آسمانی کتابوں سے ممتاز بناتی ہے۔ عدم تحریف قرآن مسلمانوں کا مسلّمہ عقیدہ ہے اور صدر اسلام سے اب تک کے سارے علماء اور محدثین اس بات پر متفق ہیں۔

قرآن کریم کی عدم تحریف پر سب سے پہلی دلیل خود قرآن کریم کی مختلف آیتیں ہیں جہاں دعویٰ کیا جارہا ہے کہ "اگر تم کو اس کتاب میں شک ہے تو اس کے کسی ایک سورہ کے جیسی کوئی سورہ پیش کرو" یا دوسری جگہ ارشاد ہوتا ہے کہ "ہم نے ہی ذکر کو نازل کیا ہے اور ہم ہی اس کی حفاظت کرنے والے ہیں"۔

ائمہ معصومین علیہم السلام نے بھی اپنے گراں قدر بیانات میں قرآن کریم کی خصوصیات کو بیان فرمایا ہے۔ مثال کے طور پر جناب فاطمہ زہرا(س) کے خطبہ فدک، حضرت علی(ع) کے بعض خطبے اور خطوط نیز صحیفہ سجادیہ میں امام زین العابدین(ع) کی بعض دعاؤں سے قرآن کریم کی عظمت و بزرگی کا اندازہ ہوتا ہے اور یہ یقین ہو جاتا ہے کہ اس مقدس کتاب میں کسی طرح کی کمی یا زیادتی ممکن نہیں ہے۔

تاریخ میں متعدد علماء اور محققین نے عدم تحریف قرآن کے موضوع پر بحث و گفتگو کی ہے اور اس سلسلہ میں مستقل کتابیں بھی تحریر کی ہیں اور یہ ثابت کیا ہے کہ یہ مقدس کتاب کسی بھی طرح کی تحریف سے پاک و منزہ ہے۔

فصلنامہ راہ اسلام کے اس شمارہ میں عدم تحریف قرآن کے موضوع پر جدید تحقیقات کے حوالے سے گفتگو کی گئی ہے۔ سب سے پہلے تحریف کے لغوی اور اصطلاحی معنی کو بیان کیا گیا ہے اور پھر عدم تحریف قرآن کریم کے سلسلہ میں بزرگ شیعہ و سنی علماء کے نظریات کو نقل کیا گیا ہے اور آخر میں اس سلسلہ میں شیعہ علماء کے استدلال پر روشنی ڈالتے ہوئے انہیں قرآنی، روائی، تاریخی اور عقلی دلائل کی صورت میں پیش کیا گیا ہے۔

فصلنامہ راہ اسلام کی ہمیشہ سے یہ کوشش رہی ہے کہ اسلامی معارف اور دینی تعلیمات کو بہتر سے بہتر انداز میں قارئین کی خدمت میں پیش کرے تاکہ اسلامی تعلیمات کے سائے میں ہم سب مل کر ایک باوقار زندگی اور اچھے معاشرہ کی تعمیر کر سکیں۔ امید ہے یہ فصلنامہ اس راہ میں ایک مثبت اور تعمیری قدم ثابت ہوگا۔

ڈاکٹر فریدالدین فرید عصر
(چیف ایڈیٹر)